نعت

حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

اغر علیه للنبوة خاتم من الله مشهود یلوح ویشهد

یہ وہ ہیں جن پر مہر نبوت چمک رہی ہے۔ اللہ کی طرف سے یہ شہادت ہے جو چمکتی ہے اور دیکھی جاتی ہے

وضم الالٰه اسم النبی الی اسمه اذا قال فی الخمس الموذن اشهد

اللہ نے اپنے نام کے ساتھ نبی کا نام ملا رکھا ہے۔ جب کہ پانچ وقت موذن اشہد کہتا ہے

وشق له من اسمه لیجله فذو العرش محمود وهذا محمد

اللہ نے ان کا نام ان کے اعزاز کے لئے اپنی نام سے مشتق کیا ہے۔ سو صاحب عرش محمود ہے تو یہ محمد ہیں

نبی اتانا بعد یأسٍ وفترة من الرسل والاوثان فی الارض تعبد

یہ ایسے نبی ہیں، جو ہمارے پاس ایک خوف اور طویل وقفے کی بعد آئے ہیں۔ اس وقت حال یہ تھا کہ زمین میں بت پوجے جا رہے تھے

فامسی سراجا مستنیراً وهادیاً یلوح کما لاح الصقیل المهند

یہ نبی آئے اور روشنی والے چراغ اور رہنما ہو گئے۔ وہ اس طرح چمکے جیسے صیقل کی ہوئی ہندی تلوار چمکتی ہے

وانذرنا ناراً وبشر جنة وعلمنا الاسلام فالله نحمد

اور انھوں نے آگ سے ڈرایا، جنت کی بشارت دی۔ اور ہمیں اسلام کی تعلیم دی، سو ہم اللہ کے شکر گزار ہیں

وانت اله الخلق ربی و خالقی بذلك ماعمرت فی الناس اشهد

اے اللہ تو دنیا کا معبود ہے، میرا رب اور خالق ہے۔ جب تک میں لوگوں میں زندہ رہوں گا اس کی شہادت دیتا رہوں گا

تعالیت رب الناس عن قول من دعا سواك الهاً انت اعلی و امجد

اے سارے انسانوں کے پروردگار تو ان کی بکواس سے بلند۔ اعلیٰ اور برتر ہے جو تیرے سوا کسی اور کو معبود بنائیں

لك الخلق والنعماء والامر کله فایاك نستهدی وایاك نعبد

تو ہی پیدا کرنے والا نعمت دینے والا اور حاکم مطلق ہے۔ ہم تجھ ہی سے ہدایت چاہتے اور تیری ہی پرستش کرتے ہیں